www.KitaboSunnat.com



افرادِ امت میں خلوص پیدا ہو اور اتفاق و یگانگت پروان چڑھے۔

س: دینی تعلیم دینے والے قاری صاحب کی تنخواہ کا بیشتر حصہ کوئی صاحب یا ادارہ سود کی رقم سے ادا کرے تو ایسی تنخواہ لے کر دینی ادارہ چلانا صحیح ہے؟

(۲۲) قاری صاحب کو سودی تنخواہ وصول نہیں کرنی چاہیے، سود میں معمولی سی شرکت بھی حرام ہے۔ اور جانتے بوجھتے ہوئے حرام مال کو معاوضے کے طور پر وصول کرنا شرعی اعتبار سے جائز نہیں۔

س: دینی مدرسے کے لیے سود اور حرام رقوم لے کر مدرسہ چلانا اسلام کی رو سے کیسا ہے؟

(۲۳) سودی اور حرام رقم سے دینی ادارہ چلانا بھی بلاشبہ حرام ہے۔

س: آپ کی کتابِ سند جو کہ غالباً فاروقی کتب خانہ والوں نے چھاپی تھی، کہاں سے مل سکتی ہے؟

(۲۴) تذكرة الجهابذة الدرري میرے پاس ہے لیکن عام مطالعہ کی کتاب نہیں یہ تو صرف اس کو دی جاتی ہے جس کے تلمذ کا انتساب میری طرف ہے۔

س: روایتِ ابن عباسؓ و ابو سعید خدریؓ از صحیح بخاری (بحوالہ تفہیم القرآن: جلد ۶، ص ۵۶۰ تا ۵۲۶) کی رو سے روایتِ عبادۃ بن صامتؓ (بحوالہ ابوداود وغیرہ از مشکوٰۃ باب الاجارۃ) جس کو شیخ البانی نے شواہد کی بنا پر صحیح اور صاحبِ نیل نے قابل عمل قرار دیا کی رُو سے ہدیہ، امامت، نکاح، خطابت وغیرہ کا معاوضہ لینا حرام /ناجائز معلوم ہوتا ہے، تطبیق و توفیق کی صورت سے آگاہ فرمائیں۔

(۲۵) اگر اُجرت سے مراد تبلیغ، وعظ اور تعلیم قرآن کی اُجرت ہے تو پھر اُجرتِ تبلیغ، وعظ اور تعلیم قرآن کو اعلیٰ ترین کسب ہونا چاہیے حالانکہ اس کو اعلیٰ کسب کسی صورت نہیں کہا جاسکتا۔ یہی وجہ ہے کہ انبیاء کی بابت قرآن میں کثرت کے ساتھ اُجرت کی نفی کی گئی ہے تو انبیاء کے وارثوں کو لیے یہ اعلیٰ کسب کیسے ہوگا۔ بہر صورت اس سے اجرتِ تبلیغ و تعلیم کا جواز پیش کرنا تسلی بخش نہیں، خصوصاً جب ممانعت کی آٹھ احادیث اس بارے میں صاف موجود ہیں۔ امام شوکانیؒ فرماتے ہیں: ''ان احادیث کا مجموعہ جس بات کا فیصلہ کرتا ہے اس سے عدمِ جواز کو ہی ترجیح معلوم ہوتی ہے'' (نیل الاوطار) اور پہلی حدیث میں دم جھاڑے کی صورتیں مراد ہیں، ائمہ حدیث کے تراجم بھی اس بات کے مؤید ہیں۔

س: چمچہ کے ساتھ کھانا کھانے کا عمل صحیح ہے یا غیر صحیح؟

(۲۶) چمچہ کے ساتھ کھانا کھانے کا کوئی حرج نہیں محض سہولت کی ایک شکل ہے لیکن بہتر ہے کہ انگلیوں سے کھانا کھایا جائے۔

س: حضرت بلالؓ اذان کے کلمہ أشهد کو أسهد پڑھتے تھے...... کیا یہ روایت صحیح ہے؟



محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ